شبّیر تیري مَظلُومي پر تا حشر یہ غم ھوئیگا

شبّیر تیري مَظلُومي پر تا حشر یہ غم ھوئیگا
اِنسان تو اٰخر اِنسان ھیں پتّھر بھي توجھے روئیگا

عبّاس سا بھائي بیچھڑا ھیں کیوں نہ خم نہ کمر ھو سرور کي
وعدہ تھا سکینہ سے پاني وہ بھر کر ابھي اٰئیگا

اُس باپ سے پوچھو تو اٰخر نیزہ جو نِکالا سینے سے
کس طرح جوان کي میّت کو کاندھے پہ اُٹھالائیگا

سرور نے کہا اے بانو تیرا وہ جھولنے والا مارا گیا
ننھي سي لحد میں وہ تیرا مَعصُوم پسر سوئیگا

جاتے ھیں شہِ دیں مقتل میں کُھرام حرم میں برپا ھیں
زینب سے جُدا ھو کر بھائي پھر لوٹ کے نہ اٰئیگا

جبریل نے شہِ سے رو کے کہا مرضي ھیں خدا کي سر ھو فِداء
اب سجدہءِ اٰخر میں شہِ کا سر تن سے جُدا ھوئیگا

روکر یہ سکینه کهتي تهي کب لوٹ کر بابا آئيگے
اب رات کو رن میں کون بهلا سینے په تیرے سوئیگا

عابد یہ حسیني داعي کا اعجاز نهیں تو پهر کیا هیں
اِك آنسوں کے بدلے میں جنّة وه روزِ جَزَاء پائیگا

✻✻✻✻✻